Armaan Technologies

A Unit of Al-Firdous Foundation (India)

Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad

M.A (Urdu, ODL) – 1st Semester, Question Papers [June 2023]

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

ایم اے (اردو) – پہلا سمسٹر، سوالیہ پرچے [جون 2023]

Total 4 Papers in 1st Semester of MANUU M.A (Urdu) – ODL مانو، ایم اے (اردو) - فاصلاتی تعلیم، پہلا سمسٹر میں کُل 4 پرچے ہیں۔		
1	Lisaniyaat	لسانیات
2	Tareekh-e-Adab Urdu	تاریخ ادب اردو
3	Dastaan	داستان
4	Classiki Asnaf-e-Sher	کلاسیکی اصناف شعر

ایم اے (اردو) ' پہلا سمسٹر

پرچہ : لسانیات

M.A (Urdu) 1st Semester - 2023

Paper : MAUR101CCT : LISANIYAAT

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : **1**

(i) اردو کا رشتہ کس بولی سے ہے؟

(a) برج بھاشا (b) کھڑی بولی (c) اودھی (d) پالی

(ii) کھڑی بولی کس علاقے کی زبان ہے؟

(a) نواح دہلی (b) ہریانہ (c) بنگال (d) کشمیر

(iii) لاحقے اور سابقے لسانیات کی کس شاخ سے تعلق رکھتے ہیں؟

(a) ساختیات (b) لسانیات (c) مافیات (d) فونیمیات

(iv) آواز کا مطالعہ کس کے زمرے میں آتا ہے؟

(a) لسانیات (b) ساختیات (c) صوتیات (d) مارفیات

(v) ''صورت رکن'' سے کیا مراد ہے؟

(a) زبان کی اکائی (b) آواز کی اکائی (c) کان (d) عام لسانیات

(vi) ''عام لسانیات'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) احتشام حسین (b) گیان چند جین (c) گوپی چند نارنگ (d) محمد حسین آزاد

(vii) ''اردو سندھ میں پیدا ہوئی'' کس کا نظریہ ہے؟

(a) محمود شیرانی (b) مسعود حسین خان (c) سید سلیمان ندوی (d) شبلی نعمانی

(viii) کس نے اردو کی جائے پیدائش پنجاب کو قرار دیا ہے؟

(a) حافظ محمود شیرانی (b) حالی (c) اقتدار حسین خان (d) گیان چند جین

(ix) مغربی ہندی کی کتنی بولیاں ہیں؟

(a) چھ (b) چار (c) پانچ (d) سات

(x) لفظوں کی تشکیل کی بحث لسانیات کے کس زمرے کے تحت کی جاتی ہے؟

(a) صوتیات (b) مارفیمیات (c) لسانیات (d) فونیمیات

حصہ دوم

2۔ لسانیاتی مطالعے کی اہمیت وافادیت بیان کیجیے۔

3۔ صوتیات کی تعریف اپنے الفاظ میں کیجیے۔

4۔ زبان اور بولی کے فرق کو واضح کیجیے۔

5۔ ایک اچھے معلم میں کن اوصاف کا پایا جانا ضروری ہے؟

6۔ اردو زبان کے مصمتے اور مصوتے پر مع مثال مختصر مضمون قلم بند کیجیے۔

7۔ ہکاری آوازیں کون کون سی ہیں۔

8۔ فونیمیات کی تعریف کرتے ہوئے اس کے ذیلی اقسام واجزا کی نشاندہی مع مثال کیجیے۔

9۔ دولسانیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ ادب میں استعمال ہونے والی زبان کی مختلف خصوصیات کیا ہیں؟

11۔ زبان کے آغاز کے مختلف نظریات بیان کیجیے۔

12۔ اسلوبیات کا لسانیات اور ادب سے کیا تعلق ہے؟ تفصیل سے نوٹ لکھیے۔

13۔ جدید ہند آریائی اور اس کے اردو سے رشتہ کے بارے میں مفصل بحث کیجیے۔

14۔ اردو کی ابتدا کے متعلق مختلف محققین کے نظریات کو بیان کیجیے۔

☆☆☆

ایم اے (اردو) ' پہلا سمسٹر

پرچہ : تاریخ ادب اردو

M.A (Urdu) 1st Semester - 2023

Paper : MAUR102CCT : TAREEKH-E-ADAB-E-URDU

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

(a) قلی قطب شاہ (b) امیر خسرو (c) ولی دکنی (d) احمد گجراتی

(ii) ایہام گوئی کا موجد کسے مانا جاتا ہے؟

(a) فائز (b) آبرو (c) مضمون (d) شاکر ناجی

(iii) کس شاعر کی تقلید شمالی ہندوستان کے شعرا نے کی؟

(a) غواصی (b) ولی دکنی (c) قلی قطب شاہ (d) سراج اورنگ آبادی

(iv) ''اصلاح زبان'' کی تحریک کس کے ردعمل کے طور پر شروع ہوئی؟

(a) ریختہ (b) دکنی (c) ایہام گوئی (d) فارسی

(v) میر تقی میر کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(a) 1722ء (b) 1717ء (c) 1730ء (d) 1725ء

(vi) ''ہوا ہے کفر ثابت ہے یہ تمغائے مسلمانی نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی'' یہ قصیدہ کس شاعر کا ہے؟

(a) میر تقی میر (b) سودا (c) ذوق (d) غالب

(vii) آتش کس کے شاگرد تھے؟

(a) ناسخ (b) انشا (c) مصحفی (d) جرات

(viii) ''آب حیات'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

(a) محمد حسین آزاد (b) ڈپٹی نذیر احمد (c) سرسید احمد خان (d) منشی ذکاء اللہ

(ix) ہندوستان میں اردو کی پہلی یونیورسٹی کون سی ہے؟

(a) عثمانیہ یونیورسٹی (b) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (c) مظہر الحق یونیورسٹی (d) جامعہ ملیہ اسلامیہ

(x) رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کس نے جاری کیا؟

(a) شبلی نعمانی (b) مولانا الطاف حسین حالی (c) محمد حسین آزاد (d) سرسید احمد خان

حصہ دوم

2۔ قطب شاہی دور میں ریختہ کی صورت حال پر اختصار سے نوٹ لکھیے۔

3۔ ایہام گوئی کے آغاز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ مختصراً جواب دیجیے۔

4۔ فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

5۔ آتش کے کلام کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ دبستان دہلی پر تصوف کے اثرات کی نشاندہی کیجیے۔

7۔ فورٹ سینٹ جارج کالج کی اردو خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

8۔ اردو ڈرامے پر دبستان لکھنؤ کے اثرات کیا مرتب ہوئے؟ بیان کیجیے۔

9۔ ترقی پسند تحریک کے اغراض و مقاصد پر اظہار خیال کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ دبستان دہلی کے اہم شعرا کے بارے میں تفصیل سے لکھیے۔

11۔ دبستان لکھنؤ کا سماجی و تہذیبی پس منظر پیش کیجیے۔

12۔ مابعد جدیدیت کی بنیادی خصوصیات بیان کیجیے۔

13۔ جامعہ عثمانیہ کا قیام، اغراض و مقاصد اور اس کی اردو کے تئیں خدمات کا جائزہ لیجیے۔

14۔ علی گڑھ تحریک پر جامع نوٹ لکھیے۔

☆☆☆

ایم اے (اردو) ' پہلا سمسٹر

پرچہ : داستان

M.A (Urdu) 1st Semester - 2023

Paper : MAUR103CCT : DASTAAN

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ''اردو زبان اور فن داستان گوئی'' کتاب کس نے لکھی ہے؟

(a) کلیم الدین احمد (b) وقار عظیم (c) ڈاکٹر سہیل بخاری (d) اطہر پرویز

(ii) میر امن کہاں پیدا ہوئے؟

(a) آگرہ (b) دہلی (c) کلکتہ (d) لکھنؤ

(iii) ''فسانہ عجائب'' میں کس شہر کی تہذیب پیش کی گئی ہے؟

(a) لکھنؤ (b) حیدرآباد (c) رام پور (d) دہلی

(iv) درج ذیل میں سے کون سی کتاب مولانا محمد حسین آزاد کی ہے؟

(a) نوطرز مرصع (b) عجائب القصص (c) سخندان فارس (d) داستان امیر حمزہ

(v) داستان ''نوطرز مرصع'' کی تکمیل کس سن میں ہوئی؟

(a) 1770ء (b) 1785ء (c) 1790ء (d) 1775ء

(vi) ''رانی کیتکی کی کہانی'' کے علاوہ انشاء اللہ خاں انشا کی دوسری داستان کا نام بتایئے؟

(a) باغ و بہار (b) سب رس (c) سلک گہر (d) بوستان خیال

(vii) ''انوار سہیلی'' کا دکنی میں کس نے ترجمہ کیا؟

(a) منشی محمد ابراہیم بیجاپوری (b) ملا وجہی (c) ابن نشاطی (d) قلی قطب شاہ

(viii) اردو کی مقبول ترین تمثیلی داستان کا نام کیا ہے؟

(a) فسانہ عجائب (b) سب رس (c) داستان امیر حمزہ (d) باغ و بہار

(ix) اردو کی سب سے طویل داستان کا نام کیا ہے؟

(a) طلسم ہوشربا (b) طلسم ہوشربا (c) فسانہ عبرت (d) بوستان خیال

(x) مندرجہ ذیل میں سے راہی معصوم رضا کی کتاب کون سی ہے؟

(a) طلسم ہوشربا: ایک مطالعہ (b) بوستان خیال: ایک مطالعہ (c) داستان سے ناول تک (d) اردو داستان اور فن داستان گوئی

حصہ دوم

2۔ داستان کی تعریف کو بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی پر نوٹ لکھیے۔

3۔ داستان کے فروغ میں 'نول کشور پریس' کا کردار کیا تھا۔ بیان کیجیے۔

4۔ داستان کے حوالے سے دبستان رام پور کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

5۔ فسانہ عجائب کے نمایاں پہلو اجاگر کیجیے۔

6۔ ''نوطرز مرصع'' کی ادبی حیثیت واضح کیجیے۔

7۔ داستان کے اسباب کے زوال اجمالی طور پر لکھیے۔

8۔ ملا وجہی کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

9۔ باغ و بہار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔ روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ انشاءاللہ خاں انشا کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

11۔ دکن میں اردو داستان گوئی کی روایت پر تفصیل سے گفتگو کیجیے۔

12۔ داستان کی ادبی و لسانی اہمیت پر مضمون سپرد قلم کیجیے۔

13۔ داستانوں میں موجود رواج و رسومات پر اظہار خیال کیجیے۔

14۔ داستان کی عصری معنویت کی نشاندہی کیجیے۔

***

ایم اے (اردو) ' پہلا سمسٹر

پرچہ :کلاسیکی اصناف شعر

M.A (Urdu) 1st Semester - 2023

Paper : MAUR104CCT : Classiki Asnaf-e-Sher (Masnavi, Qaseeda, Marsiya, Rubai)

Time : 3 hrs **Marks: 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : **1**

(i) مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) اردو (b) عربی (c) ترکی (d) فارسی

(ii) ''نوسرہار'' کس کی مثنوی ہے؟

(a) رستمی (b) اشرف بیابانی (c) مقیمی (d) غواصی

(iii) مثنوی ''یوسف وزلیخا'' کس عہد کی تصنیف ہے؟

(a) عادل شاہی (b) قطب شاہی (c) برید شاہی (d) نظام شاہی

(iv) ''اردو مثنوی کا ارتقا شمالی ہند میں'' کے مصنف کا کیا نام ہے؟

(a) عبدالقادر سروری (b) سید محمد عقیل رضوی (c) گیان چند جین (d) گوپی چند نارنگ

(v) مثنوی ''حزن اختر'' میں کس زوال آمادہ تہذیب کی نشاندہی کی گئی ہے؟

(a) کلکتہ (b) دکن (c) دہلی (d) اودھ

(vi) قصیدہ ''اٹھ گیا بہمن ودے کا چمنستاں سے عمل'' کس شاعر کا ہے؟

(a) داغ دہلوی (b) سودا (c) میر تقی میر (d) فائز دہلوی

(vii) ''دکنی ادب میں قصیدے کی روایت'' کس نے تصنیف کی ہے؟

(a) سیدہ جعفر (b) ابو محمد سحر (c) ام بانی اشرف (d) محمود الٰہی

(viii) ''شہادت اور بین'' کس صنف سخن کے اجزا ہیں؟

(a) مثنوی (b) مرثیہ (c) قصیدہ (d) رباعی

(ix) ڈاکٹر مسیح الزماں کی کتاب کا کیا نام ہے؟

(a) اردو مرثیہ کا ارتقا (b) اردو مرثیہ (c) موازنہ انیس و دبیر (d) روح انیس

(x) دکن کے اہم رباعی گو شاعر کون ہیں؟

(a) قلی قطب شاہ (b) غواصی (c) ملا وجہی (d) ولی دکنی

حصہ دوم

2۔ مثنوی ''پھول بن'' کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ قطب شاہی عہد کی اردو مثنویوں کے بارے میں اجمالاً جائزہ لیجیے۔

4۔ مثنوی ''زہر عشق'' کی خصوصیات بیان کیجیے۔

5۔ دکن میں قصیدے کی روایت اختصار کے ساتھ بیان کیجیے۔

6۔ غالب کی قصیدہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

7۔ ''مرثیہ غالب'' پر اظہار خیال کیجیے۔

8۔ جنوبی ہند کے چند اہم رباعی گو شعرا کا ذکر مع مثال کیجیے۔

9۔ میر انیس کی رباعی گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ مثنوی کی تعریف مع اقسام بیان کرتے ہوئے اس کے آغاز و ارتقا پر مضمون قلم بند کیجیے۔

11۔ مثنوی ''سحر البیان'' کی خصوصیات مفصل طور پر لکھیے۔

12۔ سودا کی قصیدہ نگاری کے محاسن بیان کیجیے۔

13۔ مرزا دبیر کی مرثیہ نگاری پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔

14۔ رباعی کی تعریف کرتے ہوئے امجد حیدر آبادی کی رباعی کے حوالے سے انفرادیت بیان کیجیے۔

***

Thank You

شکریہ



https://www.youtube.com/@armaantechnologies

https://archive.org/details/@armaan_technologies